نوحہ (فریاد یا خُدایا)

غیرت پنجتنؑ کو لائے اشقیاء بازار میں
حشر سے پہلے ہوا محشر بپا بازار میں

دیکھ لے سجادؑ کی آنکھوں سے بارش خون کی
پوچھ نہ ہم سے مسلماں کیا ہوا بازار میں

چادر تطہیر جس کے سر پر کرتی ناز تھی
آگئی ہے وہ معظّمہ بے ردا بازار میں

جھڑکیاں پتھر طمانچے تازیانے بے بسی
بے خطاؤں کو ملی ہے ہر سزا بازار میں

بنتِ حیدرؑ پردا ہے کیوں ستم کی انتہا
کون تھا جو شامیوں سے پوچھتا بازار میں

اے خُدایا میری طرح بے نوا کوئی نہ ہو
مانگتی تھی بنتِ حیدرؑ یہ دعا بازار میں

کعبہ ءِ غیرت سمجھ کر کرتی ہے دنیا طواف
رہ گئے سجادؑ کے جو نقشِ پا بازار میں

غیرتِ حق کا امین بہلول وہ قائم حزیں
رو رہا ہے یاد کرکے ہر جفا بازار میں

(حشمت رضا بہلول)